U16407. Date 1-4-10

Title - ZEENATUL KHAIL.

Author - Murtaza.

Publisher - Matba Naami Munshi Nawal Kishore (Lucknow)

Date - 1287 H.

Pages - 164.

Subjects - Ghode.

مطبع نامی منشی نولکشور میں مطبوع ہوا

حکم سے اوسکے ہے روز نقرۂ ماہ | قطع کرتا ہے سو ہی منزل راہ
قدرت کاملہ سے کون و مکان | ممکن کی گفتار سے کیا امکان
یفعل اللہ ما یشاء کی دانہ | یحکم ما یرید کی بنیاد
قدرت اوسکے سوا کسیکو نہین | ایک ذرہ ہلا سکے جو کہین
خیر و شر اوسکے اختیار مین ہے | سعد و نحس اوسکے اقتدار مین ہے
مرکب فکر کو اوٹھائے ہزار | منزل کنہ کا ملے نہ کنار
سخنے زبان و بیان کا اسمین قصور | اور تشبیہ خامہ سے ہے بہت دور
بند اسمین ہے فہم کی رفتار | ہی نہ چون و چرا کا اسمین گزار
ہان مگر اک رسول پاک قدم | جسکے خاطر بنا ہے لوح و قلم
ہون جو اوسپر کہلے تمام اسرار | نہین لائق ہے اسمین کچھ تکرار

نعت نبی صلے اللہ تعالی علیہ وعلی آلہ وعلی اصحابہ وسلم

ہے محمد رسول خالق پاک | محرم خاص خلوت لولاک
رحمت للعالمین خاص رسول | عالم علم حکمت منقول
صاحب وحی و حامل تنزیل | ما بصر ما طغی وا دنے قیل
ہادی مہدی رسول کریم | ناصر و منصر شفیع و رحیم
خاتم المرسلین ہے اوسکا لقب | قاب و قوسین جسکا ہے منصب
والضحی روی اور قمر طلعت | نجم و یاسین ہوئی ہی جسکی صفت
درۃ التاج سرور عالم | رہنما ہے شریعت محکم
شرع نے اوسکی تا بروز قیام | رخش ایام پر چڑہائی لگام

حق و باطل بتا دیا ہمکو — سیدھا رستہ دکھا دیا ہمکو

شرک و بدعت سے کر دیا آگاہ — مالک توحید کی بتائی راہ

تاج ایمان سے ہمکو دی تمکین — تخت اسلام و دین پہ دی تزئین

دین و دنیا کے کام کی باتین — ہمکو بتلائین سیکڑون گہاتین

ہون ہزارون درود اور سلام — بر نبی و بر آل ذو الانعام

چار یار علیہم الرضوان کی مدح

چار تھے یار رکن شرع نبی — ایسے پیدا ہوئے نہ ہونگے کبھی

اپنی طاقت کہان کہ میری زبان — کر سکے اونکے مرتبہ کا بیان

چار قالب تھے چار یار اگر — جان پر ایک تھی بعین نظر

چار چیزون سے خلق ہی انسان — اسمین شک لانے کا ہی کیا امکان

پاکے ترکیب جب ہوا یک دل — ایک آیا نظر مین بعشق و عقل

پاگئے جو چیز جمع سے اتفاق — کیون نہ واحد کا اوسپہ ہو اطلاق

ایسی چار یار پائے ہم — ایک سے ایک ہی زیادہ نہ کم

چار ظاہر ہین ایک باطن ہے — چار حادث ہی ایک ممکن ہے

چار ہین عرض اور جوہر ایک — نہ سمجھنا غلط یہی ہے نیک

سمجھ ہی ہے عقل گر تجھے ایمان — چارون کا مرتبہ برابر جان

ہی ابوبکر بعد اونکے عمر — پھر ہے عثمان بعد ازان حیدر

ہی خدا راضی اونسے اور رسول — کی نماز و نیاز اونکی قبول

مناجات بحضرت مجیب الدعوات عز اسمہ

ای خداوند قاضی الحاجات — مخزن جود و رافع الدرجات

اپنے اعمال سے پشیمان ہون — محو ترغیب نفس شیطان ہون

زاد کچھ نہین بجز عصیان — حسن عقبیٰ کا کچھ نہین سامان

حب ہی دنیا کی اپنی دامنگیر — فکر مین عاقبت کے ہے تقصیر

نگاہ دیتی ہی راہ جنت یاد — نار دوزخ سے ہی کبھی ناشاد

دل کو دیتی نہین ہے لحظہ قرار — فکر تازہ سے کرتی ہے بیزار

بحق کلمۂ کلام قدیم — بحق مصطفیٰ رسول کریم

بحق خاصگان آل رسول — بحق مرتضیٰ زوج بتول

بحق حاملان عرش مجید — بحق حافظان لوح حمید

فکر عصیان سے کر مجھے آزاد — وہی ہے لا تقنطوا کی تونے یاد

ہو مرا دل تمام نورانی — دور ہو مجھسے مکر شیطانی

ہو منور تری تجلی سے — مطمئن ہو تری تسلی سے

معرفت سے ہو میرے مالامال — اور حقیقت کا سب کھلے احوال

ورد ہو میرے لب پہ خاطر خواہ — کلمۂ لا الہ الا اللہ

نخل ایمان کا ہو تر و تازہ — دار جنت کا وا ہو دروازہ

ساتھ میں ہو نبی کے میرا حشر — زمرۂ صالحان مین ہووے نشر

ہو گذر پل صراط سے آسان — سایۂ عرش سے ہو راحت جان

سیئات اپنے بنین ہون حسنات — یون مبدل ہون نامہ کے کلمات

وزن مین ہو ثقیل پلۂ خیر — ہو نہ محتاجی شفاعت غیر

نتو شفیع اسم شفیع مرزا		دستگیری مین قفل ہو تو تیسرا

اس کتاب کے تالیف کا سبب

آج اے باغبانِ فصلِ بہار | بلبلِ طبع کو ہمین ہے فراز
کبھی گلشن مین کرتی ہی پرواز | کبھی نالے سے ہوتی ہے دمساز
انس رکھتی ہے غنچہ و گل سے | کام لیتی ہے بساغر و مل سے
دھیان رکھتی ہے گاہ سنبل کا | مسئلہ لب پہ گہہ تسلسل کا
چاہ رکھتی ہے وضع دلکش کی | دل سے خواہان ہی مرکب خوش کی
اشہبِ فکر کی پکڑ کے لگام | گامزن ہوتی ہے بقصد افہام
کہتی ہی سر سر حیات | قدرت حق یہ ہین و بحر صفات
کیسے قائم کیے زمین و زمان | کیسے روشن کیے یہ کون و مکان
جن و انسان کی خلقت اوسنے کی | اور پوشاک فہم اونسنے دی
گنگ و کر ہے کوئی کوئی گویا | راہ رو ہے کوئی کوئی جویا
کوئی مطلق ہی اور کوئی ناطق | طفل مکتب کوئی کوئی حاذق
ایک سے بڑھ کے ایک بہتر ہے | ایک مسرور ایک خوشتر ہے
آدم افضل ہے سب سے بارک دلی | خاتم المرسلین اوسمین ہی
حیوانون مین ختم بعد بشر | کی فضیلت خدا نے گھوڑے پر
مرکب اس سے نہین کوئی افضل | مختصر اس سے ہو تو ہوا جمل
حق تعالی نے کی بوضع لطیف | صافنات جیاد کی توصیف
افضلیت کی ہے کھلی تعبیر | سورۂ عادیات کی تفسیر

کیون بزرگی کا ہو نہ سر پر تاج
دوست رکھتا تھا احمد عربی
جابر عن سیدّ الوریٰ فیہنا
فصلیّنا تابثت علے اشجران
اس روایت کے ہین بہت راوی
حرمت اوسکی ہوئی کراست سے
پاک سمجھا ہے اور لعاب دہن
پڑھنا گھوڑے پہ ہے نماز درست
جب سجھے اجزا اوس سے ہو مطلوب
گنج اعمال کا دفینہ ہے
عرس اقبال اوس سے ملحق ہے
روی زیبا سے ذا کرے جو نقاب
تو بھی رکھتا ہی گو کہ دل سے عزیز
کر نظر پر چڑ ہائے عیب و صواب
کر تفحص تلاش سے معلوم
نوع کتنے اور کتنے ہین الوان
اور مرض کتنے ہین دوا کیا ہے
جہل شئے سے ہے علم شئے بہتر
ہو گیا اس سے جب ذرا آگاہ

تھا سواری مین لیلۃ المعراج
عجمی ہو فرس و یا عربی
خیر معقود فی نواصیہا
بحدیث النبی و القرآن
پاک گھوڑے کو کہتے ہین حنفی
نہ نجاست نہ اور کراہت نہ
ہے پسینا بھی پاک ای پر فن
دین و دنیا کے دونو کام مین حسنات
رکھنا نیت ہے ہو جہاد کے خوب
بحر ایمان کا یہ سفینہ ہے
جاہ و مکنت کی اوس سے رونق ہے
شاہد مصر سنہ پہ ڈالے حجاب
پر نہین ہی تجھے کچھ ایسی تمیز
قدما نے کیا ہے جسکا خطاب
سعد کتنے اور کتنے ہین مذموم
کمیت کتنے ہین کسکا کیا عنوان
نفع کس مین ہی اور دغا کیا ہے
بے ہنر کو ہے کسطرح سے خبر
غیر سے التجا کی کیا پروا

عقل کا کام ہے بہت مشکل
ہوے اندک سے تا خط مین حاصل

گو کہ کرتی تھی طبع استبعاد
اور تھی اس طرف سے استبداد

الغرض منتشد کیا اوسکو
تھورا اس کام مین دیا اوسکو

جا بجا سے منگا کے نسخہ چند
دیکھے لیل و نہار اے دلبند

ہندی و فارسی بہ نظم و بہ نثر
روز پیش نظر تھے اے ذی فخر

مولد و نام اہل تالیفات
نیچے مرقوم ہین بہ حسن نکات

دہلوی یوسفی ہے اور نگین
اہل ایران سے ہے نظام الدین

حاجی عبد الوہاب اور نکل
ہین بخارا و ہند کے اکمل

ہاشمی اصفہانی اور صفی
آشودرین بھی ایک تھی پوتھی

اور رسالے کئی جو تھے بے نام
کام کی بات لیکے چھوڑے نام

نیک و بد پر ہوا جو کچھ آگاہ
نوع و الوان پہ جا کے ڈالی نگاہ

کبھی صورت سے دل کو بہلایا
گاہ گیسو کو اوسکے سلجھایا

قد و قامت پہ کچھ خیال کیا
شکل زیبا پہ قیل و قال کیا

چشم میگون نے کہ کیا مخمور
گوش و گردن سے کہہ ہوا مسرور

پشت کو دیکھکر بنائی زین
پیش و پس کو بہت کیا رنگین

ہم دوتا ہوا بڑا آہنگ
ابلق طبع کو کیا یکرنگ

اختلافات پاکے بحث و قول و روات
اسپر آخر ہوا سخن کو ثبات

متفق ہین جو قول راوی کے
منتخب ایک ایک کو کر لے

دیکھو ہر پہلو سے نشیب و فراز
زور دہ طبع کو کر اہمین گداز

ر

گر کلام اساتذہ پہ نگاہ
جز و کل قاعدے سے ہو آگاہ

اشہب خامہ کو کیا چالاک
گرم تیزی میں وہ ہوا بیباک

اسپ ادراک پر چڑھا کی زین
فصل و ابواب سے بھی تزئین

پائیں باتیں وہ جسقدر کہ فضول
انکو چھوڑا وہیں باخذ اصول

مقدمہ کتاب

اس بیان سے ہے دلکو یہ منظور
تا گلزار نغمہ ہو مشہور

دیکھے چشم نظر سے جو یکبار
اوسپہ کھل جائیں سینکے سب اسرار

ناخدا ہووے سبع سیارہ
چرخ فطرت سے لائے سیارہ

گوہر آبدار مطلب ہو
چرخ سالوتری کا کوکب ہو

ضبط مضمون شرح سینہ ہو
بحر مواج کا سفینہ ہو

درج ذہن میں اوسے محفوظ
رکھکے نقاد طبع ہو محظوظ

شش جہت اسکی ہیں شش ابواب
ہے بمفتاح فصل فتح الباب

باب اول میں جنس و کمیت
مولد الوان قد کی کیفیت

دوسرا باب ہے بذکر عیوب
رنگ و اعضا کے عیب سے منسوب

باب سوم پہ گر کرے تو نظر
علت و ادویہ سے ہووے خبر

چارمین باب میں لکھی ہے دوا
جو مفصل سند سے حال کھلا

باب پنجم میں داشت کی ترکیب
فائدے کتنے اور نکات عجیب

باب ششم میں جبکہ تو در آئے
شہسواری کے فن سے بہرہ پائے

باب اول کی فصل پہلی ہے
سال و سن پر فرس کے حاوی ہے

تو برس تک قیام اوسکا ہے / دس سے بڑھکر سفید ہوتا ہے

اسکو کہتا ہے ہاشمی بے رنج / حد سے گذرا وہ ہوگیا قطے رنج

ستره سال سے گذر جب جاے / سرو بدان پہ آگئے زردی چھپا

رنگ جب اسطرح بدلتا ہے / دیکھکر شتری جھلکتا ہے

یعنی پھر دانت ہون منی آلود / بعد پیری کے ہوش ہاے نمود

پھر تو مشکل ہے سال کی پہچان / کسطرح لائے کوئی اولنا و بیان

مادہ کی سن کی کچھ نہین ہی شناخت / ہو خردمند تا کرے پرداخت

ہے مگر ایک شناخت کا یہ طور / نر ہو یا مادہ دونو پر کر غور

سن مین جب حد سے آوے زوال / گرد آنکھون کے ہوویں دونو بال

استخوان آئے ناصیہ کا نکل / بال اور پوست مین ہو اوسکے خلل

خشک و نقرہ سے آگئے تن پکس / ہووے مشکی کا تن سفیدی رس

سی و دو سال عمر کی تعداد / متفق ہو کے لکھتے ہین اوستاد

دوسری فصل جنس اور کمیت کے بیان مین

نیک بہتر ہے مغربی گھوڑا / جیسے اعدا کا جاکے منہ توڑا

جنس تازی کی سب سے بہتر ہے / کہ اصیل و نجیب خوشتر ہے

عجمی نر دین ترکی مادہ کو / اوسکا بچا جو ہو مجنس ہو

ہو خراسان عراق یا کہ یمن / ترک و تاتار یا ختن کہ عدن

چین ماچین ہو کہ توران ہو / کابلی کاشمیر ایران ہو

ہون اسی سرزمین سے کے خوشتر / پھر اصل ہے [illegible] بین مشتہر

متعلقہ صفحہ ۱۲ نمبر ۱

متعلقہ صفحہ ۱۲ نمبر ۲

شکل کی تقلید

یہ رنگ اچھا ہے

عربی کی شان

یہ رنگ اصلی ہے
عربی کی شان

ایک اقرح ہے دوسرا ادہم — ایک محجل ہی ایک ہے ارثم
بعد اوسکے کمیت کا مذکور — ہے حدیث رسول سے مسطور
بو قتادہ سے یون ہوا مروی — ترمذی نے حدیث اسکی لکھی
اور سوا اسکے یہ ہوا معلوم — شقر کہتے ہین جسکو اہل علوم
سر سے تا قدم وہ ہی احمر — نام اوسکا عرب مین ہے اشقر
ترمذی کی حدیث مین آیا — یمن اوسکو نبی نے فرمایا
ابن عباس سے روایت ہی — یاد رکھنا تجھے کفایت ہے
اب کتابون سے جو ہوا معلوم — اوسکی تفصیل کا یہ ہے مفہوم
رنگ سب سے کمیت بہتر ہے — اصل خرما کی رنگ خوشتر ہے
ہو سفیدی کا جسمین کچھ نہ نشان — سجرا و صاف تر وہی انجان
ہو مبارک مظفر و منصور — روز آرزم ہو نہ وہ معذور
گرمی سردی مین وہ توانا ہی — کرنا محنت اوسے مہیا ہے
یال و دم کے ہون سرخ جسکے بال — اوسکو کہیے سرنگ بے تمثال
تیلیا لاکھی کمیتی ہمہ تن — ہو کمیت و سرنگ ای پرفن
یال و دم کے ہون بال اوسکے سیاہ — اور ہون سرخ اسکے ای ذیجاہ
غیر ایک رنگ ہی عجب مربوط — ہے سیاہ و سفید سے مخلوط
اوسکی تشبیہ لاجورد سے دین — فتح کی فال نیک اثر سے لین
فلا اشقر سمند کی بنیاد — رنگ زردہ سے لکھتے ہین استاد
اک سہیلی سیاہ جسکی ہو — سر سے دم تک برابر ای خوشخو

تن ہو یادامی کشمشی خوشنما — رنگ میلا ہو یال اور دم کا
قلا کہتے ہیں نام زردہ وسکو — گو قوائم ہے خال اسود ہو
ہو جو تن پر بھی اوسکے خال سیاہ — خال ہم رنگ شیر ہے ذیجاہ
نام وہ رکھتے ہیں اوسکا ابلق زرد — قلا کہیر بکھیری سنے کرد
جسم بادامی یال و دم کے بال — ہوں فقط کالے ایچنہ خصال
اور ذرا سی بھی اوسکے دست و پا کے سیاہ — نام اوسکا سمند اسپ ذیجاہ
ہیں سنو وہ صفات اسپ سمند — نیک تن نیک فال خوش پیوند
چار وہ سم اور چشم و خصیہ و جسم — جسکا ابیض ہو نقرہ اوسکا ہو اسم
اور جو کالی ہو ہتھیلی کالا کان — آئے قانون کاتب اوسکے نشان
اور جو آجائے اوسکے تن پر خال — ہو وہیں مفرد خطوط یا ہوں جال
خط بڑا ہووے یا کہ چھوٹا ہو — لاغر اندام یا کہ موٹا ہو
ہے وہ ابرش کہ نام سے موسوم — سعد و منحوس ہیں و نامذموم
ہو فقط کان میں جو کالا پن — کہیے اوسکو کہ ہے یہ شام کرن
کیا کہوں تجھ سے کیا ہی پچکلیان — جسکی خوبی کا کچھ نہیں پایان
ہاتھ ماتھا اک اور چار دست و پا — جس فرس کا تجھے ملے اوجلا
کہہ اوسکو کہ ہے یہ پچکلیان — لاف اسمیں نہیں نہ کچھ بھی گمان
دست و پا ہر دو گوش پیشانی — سینہ و دم برابر اسکے جانی
آٹھ جگا تھا اسطرح جو ہووے سفید — ہو نہ اس سے ملول و نا امید
کیوں کہ لکھتا نہیں کوئی معیوب — سعد و منصور ہے اور ہی محبوب

نقرہ قانون
ابرش
شام کرن
پچکلیان

حبشیان دیکھے گر ہنر پرور
کبھی گھوڑے نے بکے خفیہ الکت پر

ہین اگر وہ سفید تو سنہا
یعنی بیچوف کہتے سب ہے اچھا

یوز وزرده جو ہووے پچکلیان
دونو آنکھین بھی ہون چھر ایجان

اوسکو لکھتا نہین کوئی معیوب
بلکہ نیکی نہین کرتے ہین منسوب

خنگ و نقرہ کو بھی لکھا ہے نہین
ایک جانب ہو کان گر رنگین

اسکی بوچھی ہے مجکو صحت خوب
ہے مبارک قدم و خوش اسلوب

ہو بر نگ خروس گر مرکب
آنکہ اوسکی نہووے پر ہے عیب

یعنی ہووین جو آنکھین مثل غزال
پھر کسیطرح کا نہین ہے وبال

اور جو رنگت ہی اس سوا ہی پاک
ہے وہ سب ہین ہین نے نکرا

فصل پانچوین خوبی اعضا اور حد بلندی قد اور ناپ کے بیان مین

وہ فرس ہے نبرد کے لایق
جس سے محظوظ دل ہو اشایق

دونون آنکھین سیاہ بے تمثال
متحرک مثال چشم غزال

ہو نتھنا و نتھنے دونون ہین باریک
کان چھوٹے ہون اور ملے نزدیک

طاق محراب زیر زلف ایجان
پست پیشانی اور دراز زبان

سر و گردن کشیدہ چون طاؤس
رشک افزا خرام ناز عروس

بیچ گردن سفید سر چھوٹا
سینہ چوڑا ہو اور کفل موٹا

خوشنما منہ مین دانت سب ہموار
منسلک مثل لولوے شہوار

منخر شادہ ہوا و بینی وا
دونون بازو غلیظ و تن زیبا

بیچ ہو ران کی غلیظ و درست
ہووے کوتاہ اور خمیدہ پشت

تعریف چشم
تعریف لب
تعریف بینی
تعریف گوش
تعریف بینی
تعریف پیشانی
تعریف زبان
تعریف سر

فصل پانچوین

تعریف گردن
تعریف خرام
تعریف سینہ
تعریف سرین
تعریف دندان
تعریف دہن
تعریف بینی
تعریف بازو
تعریف ران
تعریف پشت

ہوں وہ عظیم گشادہ سم — خرد و باریک ہووے عقدۂ دم
پانوں سو کبھی ہوں اسکے رگ و پے — سخت و ہموار مثل چوب نے
لمبے لمبے ہوویں دست و پا — ہوں گٹھیلے سجیلے اے دانا
دونوں زانو کی بیچ ہووے کشاد — چار و سم ہوں سیاہ ای استاد
کان دونوں ایستادہ ای دلبر — متحرک بو ہمیں ہمہ یکسر
نیرہ دم عبل قدم بقدم — خرزہ و استادہ گا بھی محکم
چھوٹا خصیہ ہو اور پھیلا پیٹ — رہے گھونگھٹ میں اپنے کومیت
بال دم تن کے ہوں برابر بال — نرم و درخشندہ ای خجستہ خصال
بال دم ہو دراز اور گنجان — سر لیبن نرم و چرب و درخشان

حد بلندی قد اور ناپنے کا طریق

پورے پورے ہوں ناپ میں اعضا — اونکی تفصیل کرتا ہوں انشا
کان چھ گانچی ہو چار انگشت — بست و ہفت آئے ناپنے میں پشت
آٹھ انگل میں آئے سر و قد — پائے سینہ کی سولہ انگل حد
طول ہاتھوں کا ہووے ستائیس — ہووے گردن دراز تا چالیس
برادی اسکا انگل ہے اے ہشیار — ہاشمی نے لکھا سو یہ ہے شمار
ہو بلندی میں قد کے سو انگشت — ناپ سے ریسمان سے ہو نہ درشت
اور درازی ہو دم سے لے تا سر — یکصد و شصت اے ہنرپرور
خد غلطیت ہو او شکم کا دور — پورا انگل میں ایک سو بے غور
اب یہ ترکیب ناپ کی ہے یار — دور میں پیٹ کے لگا اک تار

اور سرے دونون ناف سے ملوا — ناپ لے اسطرح تو ہو پورا

قد کے پیمود کی یہ ہے ترکیب — ریسمان ایک دے بابت رقیب

دوش مرکب سے سم تلک لیجا — اوسسے ناپ تلے کہ ہو پورا

اور درازی کو ناپ یون بے خشم — ٹیکے یک سر ریسمان زگوشۂ چشم

دوسرا جا ملادے تا بن دم — کرلے پیمود افزون نہ ہو خود کم

کسی گھوڑے کی ناپ کی بنیاد — کچھ زیادہ نہین ہے کرکہہ یاد

دوسرے باب کا آغاز

دوسرے باب کا ہی یا نٹے بیان
نیک و بد رنگ جس سے ہووے عیان

ہین یہ بدیمن سنلے انکا نام — ہین بیان زرد ہر رنگ کے بدانجام

ہین سراپا یہ عیب سے منسوب — اپنی رنگت سے سر بسر معیوب

یہ نصیحت مری سن اے ہمدم — رکھہ نہ مرکب تو اپنے پاس اکدم

فاختہ دودہ نور نیلہ کبود — جسد دہ زرد و نیل ناسعود

چل و سنجاب قشقہ غرداش — کب سرور کرے اسے ہمتاش

شیر گیدڑ کی بھیڑیے کی شبیہ — جس فرس مین سے ملے وہ ہووے سفید

موش کے رنگ سے جو ہو منسوب — بے تکلف کہا اوسکو ہے معیوب

ہو جو رنگت سیاہ مثل غزال — اور شکم کے سفید ہووین بال

ہاشمی سے یہ نقل ہے ایجان — کرکہ وہ معیوب ہے نہ لے انسان

نور و سنجاب کو برا سے جانی — جانتے ہین عراب ایرانی

کہتے ہین اسکو تھا یزید کے پاس — محترز اس سے ہوتے ہین ہر اس

متعلق صفحہ ۱۹ نمبر ۵

چل ہے دو مو سفید سے ملکر ۔ کچھ پریشان سے بال ہوں تن پر

تشکیل ماہ رو کی صفت

جسکے ہووے سپید اک تہتا ۔ ماتھے سے ناک تک مگر تنہا

دست دنیا میں نہو جواب اوسکا ۔ ہے وہی تیں تشکیل تیغ بلا

پر جو ہووے عریض وہ قشقا ۔ یعنی ماتھے کے بیچ تک چوڑا

ظاہرا گو کہ نہ نما ہے وہ ۔ جزو معنی میں پر بلا ہے وہ

نے صدقی سے یہ نقل ہی ہمدم ۔ اس بیان میں نہیں ہی بیش و کم

ستارہ پیشانی کی صفت

جسکے مقدار ناخن اسے دلبر ۔ بال اوجلے ہوں ناصیے کے اگر

سر انگشت سے وہ ہو مخفی ۔ اوسکو کہتے ہیں سبکے سب یہی

بس وہی ہے ستارہ پیشانی ۔ اوسکو کہتے ہیں دشمن جانی

دست و پا کی سفیدی اور نشان ۔ اوسکا ناسخ جو ہووے کیا اسکان

یہ غلط ہی جو ہو جواب اوسکا ۔ نہ بلا ہی مگر خطاب اوسکا

ٹیل کی صفت

اوجلی پیشانی جسکی ہوا ہی یار ۔ گل نیلوفری کے ہم مقدار

چتر و مہتاب سا ہو یا کردار ۔ ہو نہ رنجیدہ اوس سے تو زنہار

ٹیل اوسکا ہی نام اے ذیشان ۔ خوش نما ہے نہیں ہے اسمیں گمان

عقرب کی صفت

ہو بڑے ٹیل ستارہ یا قشقا ۔ صاف لیکن نہ ہو نشان اوسکا

یعنی جیسی ہے چاند مین چہائین	ہون سفیدی یعنی بال کچہ رنگین
پیچ ونہ پیچ یا مدور ہو	سلسلہ سان ہو یا کہ بے سر ہو
ہے وہ عقرب نہین کچہ اسمین دلیل	شوم و بدبخت ہے بلا تاویل
لے نہ اوسکو کہ مارتا ہے نیش	بس چلے اوس سے کچہ بچائے پیش
نیش عقرب نہ از پے کین ہست	مقتضائے طبیعتش این ہست
دیکھہ تصویر تا کہ ہو وے عیان	شکل پانچون کی اسجگہ ایجان

مطلق المرجلین	مطلق الیسار	مطلق الیدین

دست و پا ہون یسار کے جو سفید	یا فقط دونون ہاتہ ہون بے قید
پانؤن دونون اور ایک بایان ہاتہ	ہون فرس کے سفید گر اک ساتہہ
کہتے ہین دیکہ کر یہ پابند ہ	خوش رہیگا نہ بیٹنگ زندہ
پانؤن کے موزے ہون سفید اگر	اوسمین ہرگز نہین ہے خوف و خطر
یہہ کرتے ہین سب مین شرط ضرور	کہ سفیدی کا غرہ مین ہو ظہور

مطلق الیمین

جانب راست دست و پا ہیم	ہون سفیدی کے اب سے پرغم
اوسکو مطلق یمین کہتے ہین	لوگ بیخوف اوس سے رہتے ہین

گلدست

اک گلدستہ کہتے ہین اوسکو	ہاتہ بایان سفید جسکا ہو
اوس سے کہتے نہین ہین کچہ دسوا	دلمین لاتے نہین کچہ اوس سے ہراس

مطلق الیدین

مطلق الیسار

متعلقہ صفحہ ۲ نمبر ۶

مطلق الیدین گھوڑے کی شبیہ کی نقل

جس گھوڑے کے فقط دونو ہاتھ سفید ہوں اوسکو مطلق الیدین کہتے ہیں

متعلقہ صفحہ ۳ نمبر ۸
مطلق الیسار گھوڑے کی شبیہ کی نقل
جس گھوڑے کا بایان ہاتھ اور پانوں سفید ہو اوسکو مطلق الیسار کہتے ہیں اور معیوب نہین جانتے

پہلی منطلق الرجلین گھوڑے کی تقلید اور مطلق الرجلین دسکو کہتے ہین
جسکے دونون پانون سفید ہون یا یا دنکا رنگ بدن سے خلاف ہو

متعلقہ صفحہ ۳۰ نمبر ۹
مطلق الیمین گھوڑے کی تشبیہ کی تقلید
مطلق الیمین بھی معیوب
نہیں

کلدست وہی گھوڑا ہی جسکا پایان ہاتھ سفید ہوا اور اسکو اگرچہ
معیوب نہیں جانتی مگر ایسی نزدیک بدوضع و بی اسلوب ہی

متعلقہ صفحہ ۱۲ نمبر ۱۱

اگلے پیر کا سفید ہونا ارجل کی شناخت

اور ہاتھ کی سفیدی بھی پاشناخت ہے

ارجل گھوڑا معیوب ہی جبکہ دو سے کسی ہاتھ اور پانوں میں سفید پاجاب نہیں
اور ماتھے کی فقط سفیدی کا اعتبار نہیں فقط

متعلقہ صفحہ ۱۴ نمبر ۱۳

پھول والی گھوڑی کی شبیہ کی نقل ہے

یہ نشان پھول کا ہے ایک داغ ہو خواہ زیادہ اوسکو عوام معیوب جانتے ہیں اور
نیپال والوں کے نزدیک بڑا عیب ہے چار جامہ کے نیچے کی سفیدی اور تنگ کے نیچے کی اگر دوسری
ہو جاتی ہے وہ سفیدی عوام میں محسوب نہیں معیوب جانتے ہیں فقط

چپ دست

ہو جو برعکس اوسکے ای عاقل — دہبا ہو ماتہہ گر سفید ای دل
احتراز اوس سے تجکو بہتر ہے — دل سے کرنا حذر تجکو بہتر ہے
تا بہ زانو کہ شانہ تک جاسکے — وہ سفیدی شمار مین آسکے
خالی پیشانی اور ہو قشقہ — ہے یہ ستہ باحساب دونون کا

پدم کی صفت

ہون سفیدی مین پاؤن گر خال — یا کہ ہاتھون مین ہو یہ جنجال
نام اوسکا پدم ہے اے سرور — پر نہین جانتے اوسے اکثر
پر مقبل اور تمام ایرانی — جانتے ہین وہ دشمن جانی

ارجل کی صفت

پانون جسکا ہو اک سفیدی فام — اور ہو دو سرے مین اوسکا نام
رنگ ہو و نہ سفید یا کوئی رنگ — پر بدن کے نہ رنگ کا ہو وہ رنگ
یعنی ہو رنگ با خلاف تن وہ — کہتے ارجل ہین اوسکو اہل فن
ہندی چہدوت اوسکو کہتے ہین — بدت العمر اوس سے ڈرتے ہین

پہول کے عیب کا بیان

جسکی زرد الکیت یا قلا — یا کہ ہو وے سمند اے دانا
چار جامہ کے تنگ کے باہر — ہو سفیدی کا داغ گر ظاہر
ایک پٹہہ پہ ہو کہ دونون پر وہ — پانون یاران جسمین اے دلبر
پہولار کہتے ہین نام اوس گل کا — کرتے ہین ناپسند مرتا پاؤ

پہرے نیہالیوں مین بشک وریب	ظاہر ہو استوار اسکا عیب

سیاہ خال کی صفت

خنگ و نقرہ پہ ہووے گل جو سیاہ	لطف گلزار حسن سے آوے نگاہ
یونہین پہر ہو سفید یا ہو زرد	زردہ پر یا ہون گل ہرنگ ورد
ہوتی محمود ہے یہ شکل بہار	کرتے عزت ہین اسکی اہل وقار
اور اسکے سوا جو رنگت ہے	خال مشکین سے اوسکو نکبت ہے
ظاہر اسباب ہی ہے یہ اسلوب	اور کہتے ہین سب اوسے معیوب
یہی لکہتا ہے قاعدہ استاد	ساری رنگت کی ہے یہی اوقاد

شکال کی صفت

اور جو مین نے کیا سب تحقیق	کی محدث سے جانچکر تدقیق
یعنی کی عیب کی جو مین نے تلاش	عیب پایا شکال ہی کا فاش
پاتا تہا رسول جسکو کریہ	اوسکو رکہتے نہ کوئی غیر سفیہ
دست و پا تحتانی ہون جسکے سفید	کہہ اوسیکو شکال ناامید
یعنی دہنا ہو ہاتہ بایان پانون	یا کہ بایان ہو ہاتہ دہنا پانون
اسکا راوی ہے شیخ ابو داؤد	بو ہریرہ سے کی حدیث شہود
ارجل و ید رکاب ہی یکجا	عیب شرعی مین ہے لکہا دیکہا
تہی نہ کوئی حدیث وان مسطور	نہین کہتا کہ راست ہے یا زور
رنگ مین جسقدر ملے عنوان	کہہ سنایا وہ سب تجہے ایجان
کرکے تقریر سے تجہے آگاہ	آگے تصویر سے دکہائی راہ

شکال گھوڑی کی شبیہ کی تقلید

۱

جس گھوڑی کا داہنا ہاتھ اور بایاں پانو یا بایاں پانو اور داہنا
ہاتھ سفید ہوا سکو شکال کہینگے اور شکال معیوب ہے حدیث شریف کی رو سے معیوب سمجھا جاتا
ہے جیسا کہ بیان میں اسکی تصریح ہو چکی اور حدیث بھی درج کی گئی

متعلقہ صفحہ ۲۳ - نمبر ۱۷

شقاق دار کی صفت

دیکھ تصویر اور ملا اوسکو ۔ فائدہ تجھکو تا کہ پورا ہو
شکل انثیین دونوں کا باہم ۔ تا سمجھ میں نہ ہووے پیش و کم
آگے اشکال کے ہیں اپنے مقام ۔ پورے گیارہ نہیں کچھ اوس میں کلام

دوسری فصل جلدی عیوب خلقی کے بیان میں

رنگ میں آنکھ کے کئی ہیں رنگ ۔ اکثر یہ دکھاتے ہیں نیرنگ
کبھی ایک اک سلیمانی ہے ۔ نیلے پیلے سے اک ہے زر افشانی
خوک پوزینہ اور کبوتر سے ۔ ہوں مشابہ جو آنکھیں کے پردے
نحس و نا سعد لکھتے ہیں اوستاد ۔ بلکے سب کہتے ہیں اوسے ناشاد

چغر کا بیان

آدمی چشم سے اگر مرکب ۔ اوسکو لکھتا نہیں کوئی طبیب
نام اوسکا ہے چغر اسے خوشخو ۔ عیب کہتا نہیں کوئی اوسکو

طاقی کے بیان میں

طاق ہوتا ہے آنکھ سے جو بسر ۔ اوس سے بہتر ہے یہ کہ ہووے کور
فی المثل اک طرف کا دیدہ سیاہ ۔ اور سفیدی کی دوسری میں راہ
ایک جانب سے جیسے آہو چشم ۔ آدمی چشم دوسرا ہے خشم
طاقی کہتے ہیں اوسکو اے ہمدم ۔ جس جگہ پر سے کرے وہ ستم

پردہ آنکھوں سے اب اوٹھا اجمالی
دیکھ تصویر تا کہ ہووے عیان

متعلقہ صفحہ ۲۴ نمبر ۱۹

گوش دار یعنی تین کان والے گھوڑیکا نقشہ

متعلقہ صفحہ ۴۴ ـ نمبر ۲۰

قضیب کے غلاف کے منہ سے دو پستان کا لٹکنا تھنی کا نشان

قضیب کے علامات کی شبیہ پر نقطہ و نشان پستان کا ہونا منی کی توضیح

منی کی علامت

متعلقہ صفحہ ۲۴ — نمبر ۲۲

ایک انڈیہ کا شبان اور ایک انڈیہ گھوڑا معیوب ہے

جس گھوڑے کے خصیے مہرہ ہوں اوسکو آختہ وار کہتے ہین یہ تصویر اوسکی توضیح کی ہے

دو تصویرین شتر دندان کی تقلید
سے دانت والے گھوڑے کی تقلید اور اوسکو پوپلا کہتے ہین

سکات بان کا نشان اکثر سواری میں زبان باہر نکالکر چلتا ہے

سیاہ زبان کی تقلید اوسکو معیوب جانتے ہیں

گرداسہ کی تقلید

متعلقہ صفحہ ۳۶ نمبر ۲۷
گاؤ کوہان گھوڑے کی تقلید

متعلق صفحہ ۴۷ - نمبر ۲۹

سم کا اوپر جہاں سے بال جہتا ہے جب وہ پہول جاوے اگر پاؤں مین ہو تو اوسکو پشتک کہتے ہین
اور اگر ہاتہ مین پہول جاوے تو اوسکو چکاول کہتے ہین ۱۲
کانا کا آتا اور کانا ایک مرض ہو نیتھی کر او پر ہوتا ہے
پشتک کا نشان
چکاول کا نشان

متعلق صفحہ ۲۸ نمبر ۳۲
یہ دو تصویرین بہوسلنے ہوسے تلی کی گت کیا امراض دریافت کرنیکے واسطے

فیل پا کی تقلید

کج چشم خراب مرض ہے کہ دوا سے اچھا نہیں ہوتا اور اوسکا
یہی عارضہ ہے کہ تمام بدن کا چمڑا ہاتھی کی چمڑی کے موافق ہو جاتا ہے

شقاق کے آثار
یہ چند تصویریں شقاق کی پہچان کرنے کی ہیں اور شقاق ایک مرض ہے کہ اوسکی ہونے سے سم پھٹ جاتا ہے اور کبھی ٹکڑے ٹکڑے
ہو جاتے ہیں اور زیادتی سے تمام سم نکل جاتا ہے صرف مضغۂ گوشت باقی رہتا ہے اور وہ کام نہیں کر سکتی ۱۲

زینت الخیل

کھچڑے کی صفت

کھچڑہ بھی اک مرض ہے ناکارہ ۔ کچھ نہیں جسکے واسطے چارہ
ایک یا مین ہو وو نو پانو مین یا ۔ وہ مرض ہے جسجگہ رہتا
پانون سبکے پاشنے کے ہو اوپر ۔ گانچی کے شکم مین اے دلبر

فیلپا کی صفت

فیلپا ہے بہت بڑا آزار ۔ جس سے ڈرتا ہے دیکھکر بیطار
ظاہر آماس ہے قلم پا کا ۔ کام آتی ہے وان ذوبانہ دھا

کج چرم کی صفت

حد سے افزون ہی جسکی جلد دبیز ۔ چون تن فیل در نظر بہ تمیز
پر جو آغاز سے کرے تدبیر ۔ کیا عجب ہے جو ہو علاج پذیر

شقاق کی صفت

جسمین ہو وین شقاق کے آثار ۔ اوسکو کرتے نہین فرس مین شمار
جسکا سم جابجا سے شق شق ہو ۔ رنگ اوسے دیکھکر نہ کیون فق ہو
دست و پا کا نہین یہی وہ نشان ۔ اوسکو لیتا نہین کوئی نادان
شق زیادہ ہو یا کہ ہو کمتر ۔ ہے مرض یہ شقاق کا ابتر
آگے چل دیکھہ اے خجستہ خصال ۔ کہ لقا دیر سے کہلے سب حال

سب طرح سے نکات کر معلوم
فائدے سے نہ اسکے ہو محروم

فصل چوتھی

چوتھی فصل اوس عیب کی بیان مین کہ جس سے صورت بگڑ جاتی ہے

اونچے ماتھے کا ہووے جو گھوڑا
دے خریدار کو وہ کچھ ٹوٹا

بدنما کینہ ور نہو دل صاف
آخر آخر نکالے لاف و گاف

گو کہ پیشانی پیچ نہین معیوب
پر شرارت کے ساتھہ ہی منسوب

پیشانی شتر پیچ

پریشان گوش کی صفت

لٹکنے سے لٹکتے ہوں جس فرس کے کان
ڈھیلے ڈھیلے گرے کرے ایجان

اوسکو کہیے کہ ہے پریشان گوش
بدنمائی کے بار سے ہے دوش

تختہ گردن

تختہ گردن کی صفت

تختہ گردن بھی اوس فرس کا نام
سیدہی گردن ہو جسکی اہی خود کام

سرفگندہ سے چلے رہے بیباک
زیر پا دیکھتا خس و خاشاک

سر سے تا سند و برابر ہو
طول گردن کا راست و یکسر ہو

تختہ گردن ہو بیشتر منہ زور
لاکہہ ہو یا ہزار یا کہ کرور

تانگن اور ترکی ہوتے ہین منہ زور
ہے اصالت مین اونکے کرے غور

گاوشانہ

گاوشانہ کی صفت

جب دگرگون ہو شانہ کا انداز
چھوڑ کر حد کو وہ کرے پرواز

ہو تقع اور بلند جب ہوئے
آبرو کو فرس کی وہ کھوئے

کیا کرے کوئی اوسکی پھر تدبیر
گاوشانہ ہوا وہ بے تقریر

زین پشت

زین پشت کی صفت

ایسی ہی زین پشت نامالوف
کہتی کرتے ہین جسکو سب معروف

یہ تصویر قیچی پیشانی والے گھوڑے کی ہے اور قیچی پیشانی اوسکو کہتے ہیں
کہ جسکا ماتھا اونچا ہو یہ صفت اوسکی ہے کہ گھوڑا
کینہ ور شریر بدذات ہوتا ہے

یہ چہرہ پریشان گوش کا ہے صرف کان کی وضع دریافت کرنیکو
اسقدر کافی ہے

یہ شبیہ تختہ گردن گھوڑے کی ہی اور تختہ گردن گھوڑا
باوجود لگام دینے اور قائزہ کرنے کے بھی گونڈا نہیں کرتا
اور اکثر منہ زور ہوتا ہی

متعلقہ صفحہ ۳۰ - نمبر ۳۹

گاو شانہ کی تقلید

سکھی کی تقلید اور سکھی کو زمین پشت بھی کہتے ہیں

متعلقہ صفحہ ۱۳۴ - نمبر ۱۳۴

آہو شکم کی تقلید

تیزگون گھوڑے کی تقلید
جسکا ہوا پٹھا اوسکو تیزگون کہتے ہیں

متعلقہ صفحہ ۱۳۱ - نمبر ۴۳

کنچل یعنی قلچ کی تقلید

گشادہ رو کی تقلید

نہ کشش کبھی نہیں نہ طاقت وار | چار پایہ ہے اک بغیر شمار

آہوشکم کی صفت

پیٹھ سے پیٹ جسکا ہو لپٹا | ہے وہ آہوشکم نہیں کھٹکا

ہے صفت اوسکی یہ کہ ہو کم خور | ہو جو کم خور کیوں نہو کم زور

لیوے شوقین یہ نہ سوداگر | ہو جو اوسکی فروخت میں مضطر

تبرگون کی صفت

ہے تبرگون وہی فرس بیشک | جسکا پٹھہ ہو سرنگون دم تک

وصل دم ہو اوترکے پٹھے سے | جیسے ہوتا ہے خرکے پٹھے سے

فربہی کا ہو نام اوس سے دور | جتنا اوسکو کھلائے سب ہو زور

کچیل کی صفت

اور کچیل اوس فرس کو کہتے ہیں | گھوسٹے ٹلا جو راہ چلتے ہیں

یہی ہوتا ہے پچھلے پانو نکا رنگ | زخم اوٹھانے سے ہو نہ کیوں لنگ

ہے سپاہی کے کام کا لیکن | پانوں رکھتا ہے اپنے وہ گن گن

کشادہ رو کی صفت

وہ جنہیں کہتے ہیں کشادہ رو | پا کشادہ کریں دم تک دو دو

متفرق ہوں پا براہ روی | ناپسند اوسکو کرتے ہیں سبھی

اور مغل کہتے ہیں اوسے بہتر | کہتے ہرگز نہیں برا اسے کمتر

خرسمہ کی صفت

ہے وہ بیچارہ خرسمہ ناشاد | خم کی رکھتا ہو سم میں جو بنیاد

جوف اندر سے سخت ناہموار	مثل خرمہرہ ہیچ ہیچ جسبار
ٹھوکرین کھاکے راہ چلتا ہے	نار اندام مین روز چلتا ہے

چپاتی سم کی صفت

اوسکو کہتے ہین سب چپاتی سم	سنکے جس سے ہو عقل تیری گم
چپٹے چپٹے ہون جیسے بڑے ٹہلے	یا بڑے بیٹھ کے ہون جیسے تلے
بیٹھے دعوت ہمیشہ کہاتے ہین	راہ چلنے مین قدم دباتے ہین

مرغ پا کی صفت

نیزہ پا فرس کے اگر ہہہ سم	تیر سے سیدہے ہون اگر اے ہمدم
بار نمائی مین ہے کلام اوسکا	اسلیئے مرغ پا ہے نام اوسکا

تسمہ گردن کی صفت

تسمہ گردن ہی وہ فرس اے یار	موڑے گردن بگردش پرکار
باگ لینے مین کہائے گردن بل	جھک پڑے جسطرح سے کوئی کل
اوسپہ قابو نہووے فارس کا	چاہے جس جسطرف پھرے بھاگا
آگے تصویر سے کھلے گا حال	گرنہ تو اسجگہ یہ قیل و قال

پانچوین فصل بیچ عیب شرعی کے بیان مین

عیب شرعی جو پانچ ہین مشہور	اوسکی تفصیل یون ہوئی مسطور
نص وآیات کی نہین ہے بات	پر یہ اوستاد نے نکالی گھات
کیونکہ یہ عیوب ازبس سخت	ایسے مرکب نہ لے مگر کمبخت
یاد رکھنے کی بات ہے اے یار	جس نصیحت کو میری بے تکرار

چپاتی سم

مرغ پا

تسمہ گردن

مرغ پا کی تقلید پچھلے دونوں پاؤں راست
ہوتے ہیں جسم برای نام ہوتا ہے
چپاتی سمہ کی تقلید

متعلقہ صفحہ ۳۲ نمبر ۴۵
یہ شبیہ تشمہ گردن کی ہے
تشمہ گردن گھوڑا سوار کے اختیار مین

گھوڑا جب مول لے تو بدرا و سلیم
کر لے بائع سے شرط مستحکم

یعنی ہے ہیچ عیب سے گر صاف
ہوونگا قیمت بغیر لاف و گزاف

اور جو معیوب ہی تو بے شبہہ
ہوگا واپس تجھے پس از ہفتہ

اتنے عرصہ مین تو اوسے لے جانچ
تا نہ آوے کسیطرح کی آنچ

ہین وہ کیا کیا عیوب ای اوستاد
صاف بتلا دے تاکہ رکھون یاد

ایک کمری ہے دوسرا کھور ہے
ایک ہے کہنہ لنگ اک شبکور

پہلا پچھین ہے دندان کمسید
جن سے بچنے کی کچھ نہین تدبیر

پہلے کمری کی سن شناخت کا طور
تہان جب آئے تب اوسے کر غور

بیٹھ کر گرا وسی تکلف سے
یا مثل کر اوٹھے تعفت سے

اوسکو معلوم کر کہ ہے کمری
اوسکا لینا ہے محض بیخبری

یا ڈپٹ کر تو اوسکو اے دلبر
کرکے گھوڑا چڑھا دے اونچے پر

بچلش جست سے اگر چڑھ جاے
آگا پیچھا نہ اپنے جی مین لاے

پھر اوسے شوق سے تو جا لے لے
قیمت اوسکی ہو جسقدر دے دے

اور کھور کا نشان ہے یہہ
لاغر اندام بے گمان ہے یہہ

سونگھتا ہے لید چھوٹی چھوٹی ہو
گذرے نہ مارے رات دن اوسکو

یہہ نہ فربہ کبھی کھلانے سے
چین دل کو نہو چلانے سے

جبتلک کہنہ لنگ کچھ منزل
نہ چلے ہو شناخت بس مشکل

تہان سے جب کھلے نہ اتنا ہو
پر جو منزل چلے تو لنگڑا ہو

ہے یہہ شب کور کی شناخت کا طو
سیکھنا چاہیے اسے بے غرور

چاندنی رات مین منگا کملی ؛ اور اندھیری مین چادر اکسا وجلی
سامنے اوسکے پھینک سرعت سے ؛ بیچکے یا بھاگے اوسکی ہجرت سے
اونکو تو سلے لے وہ نہین شب کور ؛ اوسکو بینائی کا بڑا ہے زور
کاٹ لیتا ہے جو کہ بے تقصیر ؛ اوسی گھوڑے کو کہیے دندان گیر
عیب ذاتی ہے یہ رہے دائم ؛ آختہ بھی ہو گر رہے قائم
اوسکے تیور سے صاف ہو معلوم ؛ کاٹ کھانے سے اوسکے ہو مفہوم
یان تعاویر کا نہین ہے کام ؛ کسطرح کر سکے کوئی انجام
آزمانے کی بات ہے اے یار ؛ آزمالے اوسے نہو بیزار

چھٹوین فصل مقامات اصلی اور سعد ونحس بھونریونکے بیانمین

بھونری ہے آٹھ وضع قسم تقسیم ؛ دیکھنا چاہیے تجھے یہ طلسم
اکثر یہ ہے مثل گردش آب ؛ گردش آب را بر و دریاب
دوسرا طور ہے کلی کا سا ؛ تیسرا جیسے گل کھلے منہ کا
وضع چارم شدہ ز کثرت مو ؛ رشک افزاے نافۂ آہو
شکل پنجم ہے جسطرح کو جو ؛ گرہ چون و چرا نہو مضطر
سیب سا ہووے ششمین کا طور ؛ بچھو نعلین ہفتمی سے نشور
آٹھوین کی مثال جیسے گاے ؛ چاٹے بچے کو جب کہ شوق مین آے
جیسے بچھڑے زبان کے تن پر خط ؛ ہو لعاب دہن سے مو مختلط
جیسے ہوا اور گرہ فراز ؛ ہو مطول چوپاے سر و ناز

بھونری کے مقامات اصلی کا بیان

متعلقہ صفحہ ۳۵ نمبر ۳۶

اس تصویر سے پیرو ذنل کے مقام اصلی ہموزیون کے معلوم ہوتے ہین

سنگھن کئی طرح کی ہوتی ہے
کئی جگہ کئی طرح سے طرح دی گئی

دنبال جگہ سے تمام ہین اصلی ۔ واں پہ ہوتی ضرور ہے بھونری
دو ہین سینہ پر اور دو سر پر ۔ دو با حراف ناف اسے مشہور
دو وتھی گہہ پر اور ٹٹینکہ پر ۔ لب زیرین پہ ایک اسے ہو لیر
دنبال جگہ سے اگر ہو کمر پار ۔ عیب کہتے ہین اوسکو اہل شمار

سعد و نحس بھونری کا بیان

کی جو مین نے تلاش اور تحقیق ۔ رہبری خرد سے با تدقیق
ہے یہ توضیح نیک و بد یک یک ۔ قول راوی سے منتخب بیشک
آشکارا کیا ہے نام و مقام ۔ تا نہ باقی رہے سمجھ مین کلام
وہ جو ٹیکہ کی ایک ہے بھونری ۔ نام اکی ہی اوسکا ہے اصلی
ایک یا دو جو اوس سے زائد ہو ۔ پھر تو سکتا ہین سمجھ لے تو اوسکو
اہل ایران تمام اور مغل ۔ اوسکو کہتے ہین خوشہ بے بلبل
اہل پنجاب کہتے ہین دو گر ۔ اوسکو کہتا نہین کوئی بہتر
بعضے لکھتے ہین چتر اوسکا نام ۔ بد بلا کہتے ہین اور نافرجام
مادہ و نر مین کچھ سخن ہے بعید ۔ رکھہ نہ سنگھن سے تو کبھی امید
سینہ کا کل جو پیچ واقع ہو ۔ کوئی لکھتا نہین ہے بد اوسکو
یعنی ہے جسجگہ سے مو کا نمو ۔ ہووے مو پیچ واں پہ اسے مرو
ایک ہو یا کہ تین یا ہو دو ۔ شرط یعنی نام اوسکا ہو
سنگھن اوسکو نہ کہیے نہ دو گر ۔ ہمن لکھتے ہین اوسکو اہل ہنر
آشو درپن مین یہ ملی تصریح ۔ بہر فہمید مین نے کی توضیح

آنسو دنبال کا بیان

گوشۂ چشم کے ہمین و یسار ۔ زیر و بالا سے گوش سے تکرار
ہو جو ہو پیچ اسے سراپا نور ۔ نحس و ناسعد کرتے ہین مشہور

اربل کا بیان

جسمین کانون کے یا سقیفہ پر ۔ دونو جانب از نخ کے یا بر سر
سر کی بھونری سوا سبھو نکا نام ۔ دیکھا اربل لکھا گیا ارقام
جفت ہووین تو کچھ نہین ہے زوال ۔ اور اگر طاق ہو تو لائے وبال
سب سے یہ سب بھونریونکا ایک ہی حکم ۔ گرنہ چون و چرا ہو صم بکم

چاند سورج کا بیان

بھونریان سر کی ای خجستہ نظر ۔ دونون اصلی ہین گرنہ خوف و خطر
کیا کہون اوسکا نام یان مرقوم ۔ چاند سورج سوا نہین معلوم

گندہ بغل کا بیان

ساق زانو ہو یا بغل آلت ۔ یا کہ دم پر ہو سب ہین ہی شامت
اک قزلباش اور مغل کے سوا ۔ سب نے گندہ بغل مساوی لکھا

ماروت کا بیان

پیچھے زانو کے یا کہ خصیہ پر ۔ زیر و بالا سے بینی یا اوپر
ایک شانہ پہ یا کہ دونون پر ۔ رخچہ یا زیر لب اے اہل ہنر
جانتے ہین اوسے سراسر بد ۔ مفت لیتے نہین اوسے بیکد

ساپن کا بیان

زانو اور ران اور جحفل و ذالت اور دم کی بہونری کو گندہ نعل کہتے ہین
اور اکثر معیوب جانتے ہین

متعلقه صفحه ۳۶ نمبر ۵

متعلق صفحہ ۳۲ و ۳۳ - نمبر ۵۱

پیچ بل کا بیان

ہو جو بازو پہ پیچ گھوڑے کے — یمن بتلاکے نام پیچ بل سے کے
ہے یہ تعبیر اوسکے قوت کی — جتنی محنت تو چاہے لے بھائی

چھتر بھنگ کا بیان

اور چھتر بھنگ ہے وہ جسکا نام — پاس ہے پیچ وہ زین کے آرام
پشت مرکب سے زین کی ہی مراد — اوسکو لکھتے ہیں سب کے سب ناشاد

ڈنک اوجاڑ کا بیان

ساقری پر جو پیچ ہوتا ہے — ننگ و ناموس سب وہ کھوتا ہے
ڈنک اوجاڑ اوسکا ہے مقرر نام — کرتے نفرت ہیں اوس سے خاص و عوام

ہرداول کا بیان

نام جس پیچ کا ہے ہرداول — پیچ شومی کا ہے وہ دل کا دل
عین سینہ پہ ہووے پاس آکر — یعنی ناحق سے وصل کے اندر
بد بلا ہے اوسے نہ لے عاقل — ہو نہ شومی سے اوسکے وہ غافل

گوم کا بیان

پیچ ہوتا ہے اک محاذی ناف — درمیان شکم نہ در اطراف
گوم کے نام سے وہ ہے موسوم — کوئی کہتا ہے نیک کوئی شوم
ہرسٹا چاٹ سنکے اسکا نام — بھاگ جاتے ہیں دور کرکے سلام

گنگا پاٹ کا بیان

نیک ہوتا ہے پیچ گنگا پاٹ — گر نہ ہو لنگوا ہے اوس سے اوچاٹ

پیچ بل — تصویر نمبر ملاحظہ طلب
چھتر بھنگ — تصویر نمبر ملاحظہ طلب
ڈنک اوجاڑ — تصویر نمبر ملاحظہ طلب
ہرداول — تصویر نمبر ملاحظہ طلب
گوم — تصویر نمبر ملاحظہ طلب
گنگا پاٹ — تصویر نمبر ملاحظہ طلب

تنگ کے نیچے کی بھونری کا نشان
اور اوسکو معیوب کہتے ہیں

متعلقه صفحه ۴۹ نمبر ۵۴

اس تصویر میں سوای ایک بھونری دیومن کے باقی سب بھونری ناقص ہیں یعنی معیوب ۱۲

پر یہ ہے قید اوسکے ساتھ لگی — ہو نہ وہ پیچ تنگ سے مخفی
جب وہ آجاوے تنگ کے اندر — مختزا وسپر سے ہو بہت سا ڈر
لے نہ اوسکو کہ ہے بہت معیوب — اوسکا بہتر نہیں کوئی اسلوب

کنٹھہ من کا بیان

بند حلقوم پر بھی ہے ایک مقام — جس سے ملتا ہے سو طرح آرام
کوئی کہتا ہے اوسکو کنٹھا من — کوئی لکھتا ہے اوسکو کنٹھا سن
کہتے ہمیان زیرین اوسکو مغل — جانتے ہیں اوسے بہت اکمل
پیچ ہو ایک یا کہ ہوں وہ چار — حکم واحد ہے سبکے سبکا یار
اہل ہند اور ترک اور عجم — ہیں سعادت پہ اوسکے ہمدم
الغرض سب کے ہیں اوسے بہتر — متفق ہوکے معتقد و کہتر

دمین کا بیان

بھونری ہو دوسری جو تقریباً — پہلی بھونری سے ہٹ کے تخمینا
ایک بالشت پر ہو یا کم و بیش — ہے وہ موپیچ میں آکے خوکیش
بیش یا کم ہونے سے سمجھ نہ ضرر — رہے ہرگز نہیں وہ گلے کے اگر
منفرد ہووے اپنے موقع پر — یا مکرر ہو سب طرح بہت
ساتھ اسکے ہوں کاش اور عیوب — پر یہ غالب ہے اور وہ مغلوب
ہے سعادت میں اپنی یہ یکتا — کر نثار اوسپہ تو در یکتا
اپنی تاثیر میں یہ غالب ہے — میمنت کی ہمیشہ طالب ہے
رہے مالک ہمیشہ خرم و شاد — شادی اور خرمی سے ہو آباد

امر خلقی سے کر چکا آگاہ ختم بیان سے ہوئی اب اسکی راہ
کر نہ کچھ گفتگو نہ قیل و قال آگے تصویر سے کھلیگا حال
کر کے محنت جو اوسکا شاغل ہو کیون نہ اس فن مین بہرہ کامل ہو

ستویں باب کی ہی فصل بہار ہے مزاج دوا کا جسمین شمار

جب فرس پہ ورزش کا ہے آہنگ سیکھہ بیطار کا بھی چند سے ڈہنگ
علت و ادویہ سے ہو آگاہ رکھہ فرس کو امان سے ای ذیجاہ
تیری ذہن اسمین ہے درکار نزد بان چاہیئے کہ ہو پرکار
ذہن ہو دیسے رسا طبیعت تیز توسن فکر کو کرے مہمیز
موسم و فصل کی رہے تر صیح تحت و مافوق کی بھی ہو توضیح
ترکی تازی پہ ہو نظر بازی کیسا ترکی ہے اور کیسا تازی
سمجھے ہر بالک کے مزاج کا رنگ شیشہ کیسا ہے کس طرح کا سنگ
ادویہ کتنی کس کی کیا مقدار کتنی کہا کر ہون کون عہدہ برار
ضبط مضمون کی سہے یہی تدبیر یاد رکھنے کی ہے یہی تقریر
الغرض دیتا ہون سمجھے بتلا کر مفصل تمام سراپا
باد و بلغم سے کون ہے خالی کوئی دموی ہے کوئی صفراوی

باد کی صفت

باد کی ہے آگے خشک اعضا دانہ خواہش سے وہ نہین کہاتا
تلخی و شور سے کرے رغبت جسجگہ پر رہے کرے آفت
لاغر اسکا ہو تن پہ رگ کا جال ہو طبیعت کو اوسکی اضمحلال

قارورہ شناسی کا طریق

بول کے دیکھنے سے ہو معلوم ۔ تندرستی ہو اور علل مفہوم

جبکہ او جلا کرے فرس پیشاب ۔ ہووے سردی سے اوسکو پیچ و تاب

ساتھ زردی کے ہو جو گاڑہا پن ۔ اوسمین بادی کا ہو ضرور چلن

اور سرخی جب اوسمین مائل ہو ۔ وہ حرارت سے کیون نہ گہائل ہو

جب ہوا اسطرح سے تو آگاہ ۔ اور طبیعت کی تونے پائی راہ

کر کے دریافت اوسکا حال مزاج ۔ کرلے تجویز تو پھر اوسکا علاج

دوسری فصل آنکہونکی بیماری اور اوسکی دوا کے بیان مین

لگے آنکھوں مین گر کہین سٹکا ۔ یا کہ پوچھے کسیطرح جھٹکا

جاری آنکھوں سے اوسکے ہو پانی ۔ ارغوانی ہو دیدہ ای جانی

ایک باسن مین تو پہلا پھلوا ۔ اوس سے آنکھونکو صبح و شام دہلوا

یا بتا اسطرح علاج اوسکا ۔ کہ منگا سہلے تو کف دریا

سکے چاول کی پیچ پیچ لیکر ۔ پیس پتھر پہ اوسکو دل دیکر

شہد بھی اسمین ہو بقدر ضرور ۔ اوسکا انجن لگا کہ ہو مسرور

اسطرح پھر کرے جو تو اک ہفتہ ۔ ہووے مسرور ہو دل تفتہ

پہولی کا علاج

گر ہو پہولی کا کچہ خلل معلوم ۔ اوسکی کر لے تو یہ دوا مفہوم

لیکے پیشاب آدمی فی الفور ۔ اوسکی آنکھون مین تو چھڑک بہر

یا کہ تھوڑا سا لے نمک سانبہر ۔ باسی پانی سے منہ مین کلی بہر

مضمضہ کرے اور ہیکے دیدہ پر
یا نمک سنگ میں ملا کر شہد
جب مرکب وہ ہو چکے لے یار
یا کہ سپیدور تھوڑا اسکو ابلے
سرمہ سا پیس اوسکو ای ہشیار
یا رگڑ ایک ریٹھے پتھر پر
یا کہ سرمہ کر اک پیرا کی اینٹ
یا کہ شورہ سے چند گیرو سے
جب ہو سرمہ تو اک نلی میں بھر
یا منگا کھوپڑی تو آدمی کی
تین دن متصل لگا اوسپر
گر موثر ہو وے نہ یہ تدبیر
چونا گھونگی کا پھٹکری لے زرد
تینوں ہموزن کرکے سرمہ سا
مانڈہ گیہوں کا نمک سا نہر
تینوں ہموزن سرمہ سا کر خوب
جب ضرورت ہو گھسکے پانی سے
مرغ کی بیٹ یا کبوتر کی
ناخن فیل میں سختی سے یا تیز

کار روانی سے ڈال ای دلبر
صحیح کرلے اوسے بجد و جہد
انجن آنکھوں میں دے بلا تکرار
اوسمیں چینی مساوی ملوا دے
دے اون آنکھونمیں جنمیں ہے آزار
پڑے تو آنکھونمیں لگا یا کر
پھولی پر بار بار اوسکو چھینٹ
کرکے آمیز پھلی پسوا لے
پھونک دے دو بدو ہو آنکھونپر
سرمہ سا پیس لے پھونکھا لی
تاکہ پھولی کا دور ہووے ضرر
جسکی اوپر سے ہو چکی تدبیر
چوڑی شیشے کی پیس ہو بیدسر
پڑے نہ لے ایکے چند بار لگا
کانچ کی چوڑی کوٹ ای دلبر
باندھ کر کھرلے اوسکے چند ہو
پھر دے آنکھونمیں کار روانی سے
تازہ تازہ لگا تو ہوں اچھی
اور لگانے کی ہے یہی تدبیر

ہر رنگ اوسپہ پا بہانے لگا | آگے ہے فائدے مین جیسے کہا

فالج کا علاج

ہووے گھوڑے کا گر کبہی منہ کج | بغیر فالج نہو یہ اوسکی دہج
تیل تل کا منگا کے اسپر فن | خوب مل اوس سے تو سر و گردن
پھر منگا کے انٹیڈ کا پتا | اوسکو سنہ کہین گاو مین پسوا
ہو چکے جبکہ تیل کی تہ مین | اوسکی لیدہی سے کر اونسے تسخین
پاؤ بہر تل کا تیل خالص لے | ناک مین اوسکے ناس اوسکی دے
سر حق گردن مین دے مکرر داغ | تاکہ اوسکا ہو داغ چشم و چراغ
فاصلہ ہووے کان سے بڑہکر | داغ کے خط کا بارہ انگل پر

مسہ کا علاج

مسہ پہ گھوڑے کے ہو جو کوئی سا | حسن لے جبسے تو یہ علاج اوسکا
بنی کاغذ کی آگ بناکردہ | یعنی موتی ہو وہ نہ پژمردہ
اوسکی دہونی سے تو جلا اوسکو | دہونی گھڑیوں تلک پلائے ہو
یا کہ کنجشک کا منگا پیخال | کرکے تر آب مین لگا فی الحال
تخم انجیر کا ہو یا شیرہ | روز تازہ لگا نہ ہو خمیدہ
یا کہ گوگرد خوردنی منگوا | جو کہ تھے زعفران اوسمین ملا
پیس سرکہ مین دونون کر پیہم | دفعہ دفعہ لگا کہ ہو محکم

گر نہووے علاج سے وہ دور
قطع کر ڈال اوسکو ای معذور

فائدہ
[illegible]

مسہ
[illegible]

برص

برص کا علاج

ہے جو گھوڑے کے منہ پہ داغ اوجلا — نام مشہور ہے برص اوسکا
ایک اوسکی دوا مجرب ہے — قول استاد کا غلط کب ہے
لکڑ بھنگرے کر ایک بیگن کو — ملدے پانی مین تاکہ حلوا ہو
ایک باسن مین تو الگ رکھدے — تھوڑا تھوڑا سا پانی اوسکا لیکے
روز دس بار یا کہ گیارہ بار — داغ پر تو لگا کے رہ ہشیار

بستہ دہن

بستہ دہن کا علاج

دانت بیٹھال سکے اگر گھوڑا — منعقد منہ کا اوسکے ہو توڑا
جاری اوسکے دہن سے ہووے لعاب — تو دانت پر دانت رکھکے ہو بیتاب
تیل سے تل کے اوسکے سر کو تمام — کر کے تہ مین پھر تو کر یہ کام
کہ سنگا تھوڑا لگا کے گوبر پہ — نیز انجیر کا بھی پتا تر پہ
پیس دونوں کو اور کر کے گرم — اوسکی تسخین کر کہ ہووے نرم

خاموش

خاموش کا علاج

پڑھ کے نتھنو سے اور چار انگشت — نرم و کج استخوان ہی ہے پشت
پردۂ پوست مین ہی اوسکی جا — خامشہ نام مشتہر اوسکا
جب تلک اوسجگہ رہے قائم — کھانے پینے مین کرب ہو دائم
کر کے نشتر سے پہلے وا شگاف — کھینچ لے استخوان بعد اوصاف
قطع کر استخوان بالطف و ہنر — باندھ دے باندھی نمک فقط اوپر
پائے تا اوس دوا سے وہ آرام — اور اوٹھائے نہ اوس سے تو آلام

پانچوین فصل کان سے گردن تک کی امراض اور اونکی دواؤنکا بیان

ہوتا ہے ایک ناس میان دو گوش — اوسکو کہتے ہین پھوٹی اے ذی ہوش

داغ کرنا اوسے بہت نافع — جب شگفتہ اوسکی ہے دافع

ہو بخط چلیپا اوسکا داغ — پھول سا ایک بناکے لے فراغ

گلسوہ کا علاج

کان کی جڑ سے تا بگردن و حلق — پہنچے آماس کی فرس گردلق

گلسوہ ہے اور اوسکی سنگ سابلی — سنگ خارا کی سختی کہتی کی ہے

پاک سے داغ جب کہ ہو آغاز — رفع ہو جائے تا بعد اعزاز

داغ جیسے ہو ہونٹ کا پانچ — دوا دو چار اور دو جہہ جانچ

پھل کنگا کے روز حنظل کا — سات دان بھون کر اوسے کھلوا

ایک پھل روز صبحدم دینا — جو کے آٹے مین لپیٹ جل لینا

اور منگوا کے پاؤ بھر ادرک — پھر اتار ریچ اسے نزدیک

پیک [illegible] تر دے کر — پاؤ اتار اوسمین کا لیسہ

گوشت اور چھان کر اوسے رکھ لے — شام کے وقت ایک ہفتہ دے

خشکہ کا علاج

دونون جانب گلے کے گولے دو — جب تو دیکھے فرس کے اے خوشخو

اوسکو پہچان لے کہ خشکہ ہے — اس مرض سے فرس کو سختہ ہے

سخت ہوتا ہے اوسکی اسے ہمتا — ہو زمستان مین [illegible]

اور پھر گردن مین ہو وہ دانہ وگاہ — پھوڑ کے [illegible] کر کے [illegible]

پنجمین فصل گردن کے علاج

پچھوی پر خط چلیپا کا داغ درست تھا اور مفید پڑھے اور خط چلیپا پر سے صورت یہ داغ یہ ہے

گرم کر صبح و شام کرنے کے ضماد ۔ تا کہ پاوے وہ پہنچگلی کی نہاد
باندہے کپڑا بھی اک لگا کے دوا ۔ تا نہو لیپ اوسجگہہ سے جدا
پہنچگلی پاسکے جب وہ ہووے گداز ۔ منہ بہی ہو زخم کا شگفتہ فراز
زیرہ اوجلا ہو بلدی اک اک دام ۔ تین دام اسمین گندم اہی خود کام
اور نمک پنجدام اوسمین ہے ۔ پیسکر اوسکو باندہ کر لے
زخم کے منہہ مین بہر سفوف اوسکا ۔ باندہ اوپر سے اوسکے اک کپڑا
کر کے دو تین دن یہ اوسپہ عمل ۔ پیسکر نیب بہر تو اوسے اکحل
تین دن بہر دے زخم مین خالی ۔ اور یہ مرہم بنا بخوش حالی
تل کا لے تیل ڈیڑہ پاؤ اے یار ۔ اور بہلا نوہ چہٹانک ہی ہشیار
تیل مین کر کے سوختہ بہیلا ۔ دور کر سفل تیل سے اوسکا
مرچ اور طوطیا لے یک یکدام ۔ کر کے باریک اوسکو پہر یکام
صابن اوسمین ملاکے ذو دریم ۔ سارے اجزا کو تیل مین کر ضم
اور اوسی تیل کو لگایا کر ۔ کر کسی بات کا نہ دل مین خطر

باہمنی کولاس کا علاج

اک مرض باہمنی ہے اور کولاس ۔ دم مین یا بال مین ہو ہو سو اس
جڑ سے گر جائین اوسجگہہ کے بال ۔ خون فاسد سے اوسکا ہووے وبال
ہو عدد دو اوسمین سبز پہان ۔ درد کا اوسکے کر تو یہ درمان
یعنی منگوا انار کی پتے ۔ تیس عدد زرد زرد اور سکے
لیکے پہر تال اور سم الفار ۔ دونون پہوڑن اسے جو چہ شمار

باہمنی کولاس

دو پہر تک کہرل مین پیس اوسکو | پانی دیکے خوب تا حل ہو
او نہین تہون پہ کر پہر اوسکو ملا | دہوپ مین رکہدے اوسکو اور سکہا
تیل لیکر کے سیر بہر تل کا بہ | او نہین تہونکو سہلے او سمین جلا
پہر کڑاہی کو آگ پر سے اوتار | تو بنا آہنہ یا دہی اور اتہار
تینون ہموزن تیل مین کر شل | ایک لکڑی سے نیم کی کر حل
اور ایک پاس او سمین کر حل خوب | پہر او تہار رکہ او سے کسی اسلوب
ہے وہ کو لاتس یامہنی جس جا | سہلے گنڈے سے اوسکو تو کہجلا
ایسا کہجلا کہ خون آئے نکل | اور ہوئے دوا کا اوسنے عمل
کر طلا تہون پہ داد کا تیل | جاتی خطمی پہ باندہ اوسکی تہیل
تین دن ہون تو کہول پہر اوسکو | پانی لیکے خوب اوسکو دہو
پہر لگا یا کر اوسپہ مرہم قیر | دفع کرنے کی ہی یہی تدبیر
مرہم قیر کا ہے نسخہ لکہا | باب پنجم مین ابی خجستہ لقا

چہٹوین فصل کنار اور سرفہ اور سینہ بند وغیرہ امراض اور اونکی دوا کا بیان

کہانے سیری اور بقیل غذا | کہانا دائم رہے جو سرد ہوا
ہضم ہونے مین ہو غذا کے فساد | ہو نہ تیار کی کبہی کچہہ یاد
دائم پکچا بند ہے کرے نہ خرام | ہو وسے ایسے فرس کو کیون زکام
باد و بلغم سے ہوئے یہ علت | کرے پیدا کنار کی شدت
عطسہ ہو بار بار اور پانی | ناک سے جاری آپ ہو جانی
کہانے پینے پہ ہووے کم رغبت | اور کہلا سپہو لنے سے ہو دقت

ہی دوا اوسکی ایک انے اکمن
برگ سنبھل سبھالو کالے توڑ
کرلے پتون کو اک جگہہ باہم
وسکے مجموع اسطرح ترکیب
ہو چکے ناس جنکا بد یون طیار
بانس کی اک نلی مین اوسکو بھر
یا منگا ایک ٹاٹ کا ٹکڑا
یا کہ کاغذ کا میرے تجربہ کار
ناک مین اوسکے جلا دہوئی
پیس یا کاپہل کو تو باریک
یا کہ بزرقطونا پیسے دو بھر لے
اور سپندہ نمک نلے پیسا بھر
پیس ان سب کو رکھ لے اپنے پاس
اسطرح ناس دے جو صبح و شام
اور مجرب ہے ایک نسخہ اور
چار تولہ منگا لے روغن زرد
سہتھ ہموزن اوسکے اپنی ہشیار
کرکے مخلوط یک بیک باہم
اوسکے نتھنون مین تو پلا پی فصل

لے نلے ہموزن سونٹھہ اور پیپل
کوٹ کر پھر عرق تو اوسکا نچوڑ
سونٹھہ پیپل کو کوٹ کر باہم
پیس لے کرکے خشک بے تعجیب
تھوڑی اوسمین نلے کے بے تکرار
پھونک دے اوسکی ناک کے اندر
یا کہ لے نیلے رنگ کا کپڑا
سوختہ اک لپیٹ کر طبیا
تا نہووے مرض کی افزونی
ناس دے اوسکی تا کرے تجربا
طلخ یکبار دبو د مین کرکے
اوسمین دے زعفران پیلا بھر
چار دن اوسکو اوسکی دیدے ناس
رہے باقی نہ اوسکا پھر وہ زکام
کرکے طیار اوسکو دے بغور
گرم کر آگ پر اوسے بیدرد
کا پہل کا سفوف ناشتے چار
پوری مقدار ہو نہ بیش و کم
اپنے دلمین سمجھ نہ اوسکو نزل

سرفہ کا علاج

بادسے ہووے سرفہ کی آغاز
اور علامت ہین جو نون ہین یکسان
منجمد ہووے جیسقدر بلغم
اوسکی مطلوب جب ہو نجات دوا
اونسکے ہموزن دودہ بکری کا
تینون مخلوط کرکے بات بکیب
یا بتلاؤن مجرب ایک دوا
دہانسے کے نلیے یہ ہے اکسیر
رکھدے ادرک مین اوسکو کرکی جوف
بعد دانہ کے کوٹ کر وہ دوا
یا منگا سیر بھر تو اجوائین +
پر اوسے ملکے صاف کرلینا
اور کھلانے کی اوسکے ہے مقدار
بعد دانہ کے رو نوقت شام
پاکہ لیکر چھٹانک تازی چھال
کرکے باریک خوب اچھی خوشبو +
اور زمستان مین اکھ کا پتا
اور کھلادے نہار گھوڑے کو

ہو فرس دہانس دہانس کے ناساز
یعنی سرفہ زکام اے ذیشان
سب ہے تنہون سے ہو رقیق او سلم
شہد خالص لے آدہ سیر منگا +
تو درم سونٹھ بہتر اسے منگوا
اور فرس کو پلادے تہذیب
جس سے بارہ مرض کی ہووے وبا
نمک چھ ماشے لیکے بے تاخیر
پھل بھلاوے نکر کچھ اسمین خوف
تین دن متصل اوسے کھلوا
اپنے پیشاب مین بھگو کے دن
کوٹ کر تین دن اوسے دینا
ہے دو پہر فقط بلا تکرار +
تین دن تک برابر اسے خود کام
سمجھ کے درخت کی خوشحال
صبحدم تین دن کھلا اوسکو
نیز عشرہ مین دو نیم تولہ منگا
دہانس کے واسطے ہے نافع وہ

دہانس کا علاج

بعد پانی کے یا ملائی منگا ++	دے ہوا اک تین دن فرس کو کھلا
دمانس کے واسطے ہے وہ نافع	کہتے اوسکو ہیں دمانس کی دافع

ضیق النفس کا علاج

خلط صفرا سے ہووے ضیق النفس	لال آنکھیں اور گرم تن ہو فرس
سانس لے وہ بڑی دشواری	ہو پسینا بھی دمبدم جاری
رکھے افسردگی کا دل پہ ملال +	رہے تن پر نمود رگ کا جال
اک علاج اوسکا نیک یاد آیا	اور سند سے اوسے لکھا پایا
آٹھ تولے منگا لے تو ہڑا +	اوسکے ہموزن آنولہ بھی منگا
پاو بھر تول کر شکر دیدے	اوسکے ہموزن اور چاول لے
کر کے مخلوط تھوڑی یہ اجزا	پنچکی دے کے تو بنا حلوا
ہو چکے اسطرح وہ جب طیار	اوسکو تو شوق سے کھلا ای یار

شیر دمی کا علاج

شیر دم ہو اگر کوئی مرکب +	دفع کرنے کا اوسکے ہے یہ ڈھب
لیکے دو سیر تو پیاز کے پھل	اور کتیرا منگا کے اوسمیں ملا
ہو چہارم پیاز کا لیکن +	پیس باریک جتنا ہو ممکن
پھر اوسی میں اوسے مرکب کر	اور کھلا دے فرس کو ای دلبر
پانی دینے کے بعد اوسکو کھلا	آٹھ دن تک بلکے روز نہا
گرمی کرنے سے ست ہو اسائی	گر صحت پاجاوے مشکل آسان ہو
سمجھو شی یاد ہان کی لے تو لہ دو	صبحدم بول میں بھگا اوسکو

جب گذر جاوے چار پاس اوسپر | اور ہو جاوے اسطرح وہ تر
بعد دانہ کے ایک ہفتہ تک | روز دینا بناکے پتلی پتیک +
لینا محنت ہے اوسکی حق مین نہ | اور ٹہلنا زیادہ ہے اوسے قہر

دوسرے طریق کا بیان

اور جو کرتا ہو دمبدم وہ دم | صبحدم اسی دوا کو دے ہمدم
سونف دھنیا لے اور تخم خنا | یا کہیرنک آنولہ کتیرا منگا
آدہ پاؤ ہر ایک سے یکسان | کوٹ کر رکہنے اک جگہ ایجان
جو کے آٹے مین مل کہلا اوسکو | صبحدم آدہ پاؤ اسے خوشخو

فواق یعنی ہچکی کا علاج

ہے مرض سخت جسکو ہو ہچکی | ہووے بدہضمی سے ویا بادی
باد کی خلط سے جو پیدا ہو | ہو بنائی سے دفع کر اوسکو
ہے مجرب جو تین دن ہمدم | ایک نسخہ مہار دنے ہمدم
ہضم ہو نہ سکے اگر یہ ہووے ضرر | اس دوا سے کرا وسکو جلدی شاد
یعنی مہانگی پیپل اور دیودار | لیکے پیپل ہو نو درم اسی یار
اور وہ دو چند ہووے دو درم | سیر بھر تل کا تیل اسی ہمدم
ساتھ کے مخلوط ایک ایک اجزا | بہر کے اک نال مین فرد کو پلا
یا کہ طاؤس کا منگا لے پر | نو درم تول کر لے خاکستر
یا وہ پھر شہد ساتھ کے نو درم | سان کر دونون جزو کو ہمدم
تین دن تک سہارتے بنا | ہچکی ہو جس مرض کو اوسکو کہلا

ہچکی

سینہ بند کا علاج

جبکہ شانہ سے ہو فرس سنگین — سینہ بند اوسکو کہتے ہین کین

ہضم بد سے ہو گاہ گاہ فساد — گاہ بادی سے اسکا ہو ایجاد

یا ہمیلہ کہلا کوئی سے الفور — دے سواری کا اوسکے اوپر جور

گشت پائے نہ اور ہو تیار — ایسی خدمت سے کیون نہو بیمار

ڈالے چہلا کے اپنے وہ اقدام — کہلے قدمون سے کر سکے نہ خرام

رکہہ لے ٹیکہ پہ تو انگوٹہے کو — قصد کے ساتہ ریلی پیچہے کو

جنبش اپنی جگہ سے گر نہ کرے — بند سینہ سے وہ مقرر ہے

اوسکے کہلنے کی یہ بہی تدبیر — گو فرس ہو جوان یا ہو پیر

کوپلین لے ارنڈ کی منگوا — اور کہاری نمک کچہ اوسمین ملا

کر کے تہینا باو پہر دونون — جا کہلا اوسکو کوٹ کر دونون

سرد پانی نہ دے اوسے زنہار — جوش دیکر نہ کر لے تا طیار

دینا پانی مین ناگزیر ضرور — جوش خالی سے ہو نہ رفع شعور

تین دن ہو جو اسطرح پہ عمل — جا بجا سنگینی اوسکی اور خلل

یا کہ پشکل شتر کی منگوا لے — آٹا کچہ سونٹہ کا بہی ملوا دے

گوندہ پانی کے ساتہ باعزت — اوسکو کہلوا کہ دور ہو علت

پنج سے تا ہدار کی لے چہال — بہلہا لے پہر اوسکو ہی خوشحال

ہو سکے بہر کے وزن مین خلل — اور ہموزن اوسکے لے گوگل

کوٹ وہ دونون یا وہ پہر کوٹ لے — کر مرکب فرس کو کہلوا دے

پاکے پہر فقط منگا لہد ہی
اور افیون بہی پیسہ بہر لے تو ان
اوسی پانی مین سان کچہ آٹا
لیناگوگل تہی چار پیسہ بہر
رکہدے تکیہ مین کوٹ کر اجزا
یکجائی پاکے ہو چکے جب ٹہیک
گولیان لو سکی باندہ کر کے نم
گولی شام وسحر کہلایا کر
یا کہ منگوا کے آدہ پا اسپند
ہوے اجواین اور گوگل ہو
مال کنگنی لے اور لہسن لے
پھٹکری اور سہاگا اور سجی
پہٹکری اور سہاگا کر بریان
سیر بہر گڑ مین اوسکو تو ملوا
ہونہ اینڑا دگولی سولہ سے
پانی دینا تو کرکے آہن تاب
آب وہ دانہ کی اوسکے رکہنا قید
تجربہ کا یہ نسخہ ہے اے یار
طوطیا پامنگاکے تہ لے بہر

اور ہموزن اوسکے لے سجی
آب خالص مین پہلے اوسکو گلا دو
لینا باندہی تو دہکر انبا
اور آٹے کی ایک ٹکیہ کر
اور بہوبل مین اوسکے جلکے دبا
پیس اوسکو نکال کر باریک
پر عدد مین ہموزن چہنے سے کم
جب تلک دور ہو نہ اوسکا ضرر
باندہی اچہا ہو اور ہو اسکند
سب مساوی لے آدہ پاوا اوسکو
پاو بہر دونون کو مساوی دے
ہے مساوی چہپا ناتقی الاسلی
کوٹ کر چہان باقی جزا یکجان
کرکے یون ٹہیک گولیان کو بنا
صبح اور شام اوسکو اک اک دے
پر نہ اتنا کہ لائے تیزی آب
نہ تو موجود ہو نہ ہونا اسپند
ہو نہ سنگین اس سے تو زنہار
